صبح نور

# Subh-e-Noor



https://pixabay.com/en/architecture-indoors-decoration-sky-3093247/ (22-01-18 @ 15:02)

A collection of religious articles written by


## Sahibzadi Zahida Mazhar

Newcastle Upon Tyne, United Kingdom



**Copyright © Zahida Mazhar 2018**

1

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ﷺ وعلیٰ آلہٖ و اصحابہٖ رضی و ازواجہٖ طیبہ وطاہرہ امہات المومنین ٥ برحمتک یا ارحم الراحمین ٥

کروڑوں درود اور کروڑوں سلام
بہ روحِ محمد ﷺ علیہ السلام
نبوت ہوئی ختم جن پر تمام
بنامِ محمد ﷺ صلات و سلام

الحمد للہِ ربِّ العالمین ٥ و الصلاۃ و السلام علیک یا سیدی ﷺ یا حبیبی یا مرشدی رحمۃ للعالمین ٥ صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً کثیراہ برحمتک یا ارحم الراحمین جل جلالہٗ ٥

آج پھر مہکتی گنگناتی مسحورکن معطرو مطہر ہواؤں نے میرے گھر میں آکر میرے سازِ دل کے تاروں کو چھیڑ کر مجھے قرطاس و قلم کے ساتھ بیٹھکر بارگاہِ ربِّ العالمین اور بارگاہِ رحمت اللعالمین میں حاضری کا مشورہ دیا تو میں نے بھی بصد عجز و نیاز ربِّ ذوالجلال کی بارگاہِ عالی میں حضورِ دل و جان سے کچھ نہ کچھ لکھ کر اپنی حاضری لگوانے کی ٹھان لی۔ کیونکہ

سماعت میں میری محفوظ ہے اوّل بلیٰ کہنا
بلیٰ کہتی ہوئی روح آج بھی معلوم ہوتی ہے

حضورِ ربِّ تعالیٰ میں ہوئے سجدہ کناں تب تھے
جبیں میں آج بھی تسکیں بھری معلوم ہوتی ہے

خدا کی حمد کہتا ہو یا نعتِ مصطفےٰ ﷺ کہنا
بہت اچھی ہمیں یہ دل لگی معلوم ہوتی ہے

ابھرتے ہیں میری سوچوں میں عنوان نعتِ احمد ﷺ کے
ذہن میں آپ ﷺ کی مسند بنی معلوم ہوتی ہے

میرے لب پر ثنائے مصطفےٰ ﷺ ہر وقت رہتی ہے
تمہاری بارگاہ میں حاضری معلوم ہوتی ہے

مبارک زاہدہ ہو یہ تمہاری خوش نصیبی ہے
تمہارے سر پہ رحمت کی جھڑی معلوم ہوتی ہے

تو معزز قارئینِ کرام میری پانچ عدد کتب حمد و نعت فغاں و فریاد دعا اور التجا سے مزین آپ حضرات کی خدمت میں پیش کی جا چکی ہیں۔ جب کہ میری نغماتِ طیب بہت سال پہلے یعنی 2005ء میں چھپوا کر مفت تقسیم کرنے کے لئے بہت بڑی رقم کے ساتھ مسودہ بھی لاہور میں کسی کے حوالے کر دیا گیا تھا اب جبکہ میں نے اپنی باقی تمام کتب کو انٹرنیٹ پر ڈالنے کا ارادہ کر لیا ہے تو ابھی تک میری چار کتب حمد و نعت دعا التجا فریاد و فغاں کی اپنے قارئین کرام کی خدمت میں پیش کرنے کے بعد اپنی صبحِ نور لے کر حاضرِ خدمت ہوں اس یقین کے ساتھ کہ محترم قارئین کو بہت پسند آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ، میری کتب کو نثر میں بھی اتنی ہی پذیرائی ملے گی جسقدر شاعری میں پسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔

قارئین محترم آپ کی یاد دہانی کے لئے میں اب پھر سے اپنی تمام کتب کے نام لکھ رہی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ 2018 کے شروع 3 یا 4 ماہ تک یہ تمام کتب یقیناً آپ کے ذوق کی تسکین کا موجب ہوں گی۔ آپ کو روحانی جلا بھی ملے گی تو محترم قارئین کرام میری حمد و نعت کا پہلا مجموعہ نغماتِ طیب ہے دوسرا حمد و نعت کا مجموعہ نور و سرور ہے تیسرا حمد و نعت کا مجموعہ نور کی دھارا ہے چوتھا حمد و نعت کا مجموعہ شعاعِ نور ہے اور پانچواں دیوان حمد و نعت کا نغماتِ نور کے نام سے حاضرِ خدمت ہے اس کے علاوہ میری صبحِ نور اور بزمِ نور دینی کالم اور مضامین ہیں۔

جب کہ میری افسانوں کہانیوں کی ایک کتاب مینائے ادب کے نام سے لکھی گئی ہے۔ ان سب کے علاوہ بھی کچھ چیزیں ابھی ادھوری پڑی ہیں اگر ممکن ہوا تو وہ سب بھی آپ تک پہنچ جائے گا انشاء اللہ، دعا ہے اللہ رحمان و رحیم روحانی جسمانی شفا تندرستی اور میرا میری بیٹیوں نواسیوں کا حامی و ناصر رہے آمین

1

## درود پاک کی عظمت

نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم و علی آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین

برحمتک یا ارحم الراحمین ۰ میں اللہ کی پناہ چاہتی ہوں شیطان مردود سے اور شروع کرتی ہوں ساتھ نام اللہ رحمان و رحیم کے جو بڑا ہی مہربان ہے اور گناہوں کو بخشنے والا غفار ہے۔ فرمایا ہمارے آقا و مولا سرورِ کائنات احمد مجتبٰے پاک محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ جل شانہٗ نے میری قبر پر ایک ایسے فرشتے کو مقرر فرما رکھا ہے جس کا سر عرش کے نیچے ہے اور دونوں پاؤں زمین کے ساتویں طبقے میں رکھ کر وہ فرشتہ کھڑا ہے اس فرشتے کے اسّی (80) ہزار پر ہیں اور ہر ایک پر میں 80 اسی ہزار ریشے ہیں اور ہر ریشے میں 80 اسّی روئیں ہیں اور ہر روئیں میں ایک زبان ہے جس سے وہ فرشتہ اللہ پاک کی تسبیح و ذکر اور حمد و ثنا کرتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہے اور ساری مخلوق جو درود و سلام پڑھتی ہے ان سب کی طرف سے مغفرت کے لئے دعا بھی کرتا ہے۔ یہ ہے ہمارے آقا و مولا حضرت جنابِ محمد مصطفٰے پاک کی شان۔ تو اس عظمت اور شان والے حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر آرام فرما رہے ہیں کہ اللہ ربّ العالمین کا شوق بے حد اپنے محبوبِ پاک سے ملنے کو مچل اٹھتا ہے اللہ وحدہٗ لاشریک جبرائیل علیہ السلام کو حکم دیتے ہیں کہ جاؤ اور میرے محبوب کو احترام اور آرام سے ساتھ لے کر آؤ اور ان کی سواری کے لئے براق بھی لے جاؤ آج ہم اپنے پیارے کو اپنا مہمان بنانا چاہتے ہیں ایسی عظمت و شان اور

مرتبہ والے آقا ﷺ کے غلام تو بس صرف آپ ﷺ کے نام کا صدقہ ہی
اللہ سے مانگ سکتے ہیں اور اس مقدس نام کے صدقے رحمتیں
اور برکتیں کیسے ملتی ہیں۔ آپ اس کا اندازہ اس واقعہ
سے لگا سکتے ہیں کہ ایک بزرگ اپنے پڑوسی کو ہمیشہ
منع کرتے کہ تم گناہ کی زندگی چھوڑ کر توبہ کی راہ اختیار
کر لو مگر وہ شخص پیٹ بھر کر شراب پیتا جوا کھیلتا اور
پھر اسے پلیدی کی زندگی گزارتے ہی موت آ گئی۔ آخر ایک مرتبہ
اس کو رات خواب میں اس بزرگ نے دیکھا کہ وہ شخص جنت میں
پھر رہا ہے اس بزرگ نے حیرت سے پوچھا یہ سب کیونکر ہوا؟
تو وہ شخص بولا کہ میں نے کسی سے ایک حدیث سنی تھی کہ جو
شخص بلند آواز سے درود پاک پڑھتا ہے اس کے لئے جنت
واجب ہو جاتی ہے اور مرنے سے قبل میں نے ایک محفل میں
بلند آواز سے درود پاک پڑھا اس کے ساتھ ہی ساری محفل
نے بھی میرے ساتھ درود پاک پڑھا تو اللہ سبحانہ تعالیٰ نے
ساری محفل کی مغفرت کر دی جس کا ثبوت یہ میرا جنت
میں مقام اور باقی ساری نعمتیں ہیں۔ یہ ہے شان میرے
پیارے آقا ﷺ صلی اللہ علیہ وسلم کی میرے پیارے رسول کریم ﷺ
کے دو امتی جو کہ باپ اور بیٹا تھے حج کے ارادہ سے گھر سے
روانہ ہوئے مگر سفر میں ہی باپ فوت ہو گیا۔ جنگل میں
اندھیری رات اس ویرانے میں لڑکا اپنے مردہ باپ کے پاس
بیٹھا رو رہا تھا کہ دیکھا باپ کا چہرہ گدھے جیسا ہو گیا
ہے لڑکا بہت ڈر گیا مگر بیٹھا روتا رہا یوں ہی روتے روتے

3

اس کی آنکھ لگ گئی تو دیکھا کہ ایک بہت ہی حسین و جمیل بزرگ
ہستی تشریف لاتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ کیوں پریشان ہو؟
لڑکا بولا کہ مجھ پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے میرا باپ فوت ہو گیا
ہے اور اس کی شکل گدھے کی ہو گئی ہے۔ بزرگ ہستی نے لاش
کے قریب آ کر مردے کے چہرے سے چادر ہٹا کر مردے کے چہرے
پر ہاتھ پھیر دیا۔ لڑکے نے دیکھا مردہ باپ کا چہرہ زندگی میں بھی
کبھی اتنا حسین نہیں تھا جس قدر اس نور کے پیکر کے نورانی
ہاتھ کے لمس سے نورانی ہو گیا تھا۔ اسی وقت لڑکے
نے بیقرار ہو کر اس نورِ مجسم کی چادر کا دامن مضبوطی سے
تھام لیا اور کہا آپ کو اپنے پیدا کرنے والے کی قسم بتا
دیجیئے کہ آپؐ کون ہیں؟ تو اس نورِ علیٰ نورؐ نے فرمایا کہ
میں محمدؐ مصطفیٰ ہوں اور فرمایا تیرا باپ سود کھاتا تھا
اور خدائے پاک کا حکم ہے کہ سود خور دنیا یا آخرت
میں گدھے کی صورت ہو گا اور تمہارے باپ کے لئے یہ بات
اسی دنیا میں ظاہر ہو گئی لیکن تمہارے باپ کی عادت تھی
کہ ہر رات سونے سے پہلے 100 سو بار درود پاک مجھ کو بھیجتا
تھا جب اس کی شکل گدھے کی ہو گئی تو جو فرشتے میری
امت کے اعمال میرے سامنے پیش کرتے ہیں ان میں سے ایک
فرشتے نے مجھے خبر دی تو میں نے اللہ سے کہا کہ مجھ پر درود
بھیجنے والوں کو اس طرح ذلیل نہ کریں تو اللہ ستّار
اور غفّار نے میری بات رکھ لی اور اب تم نے دیکھ لیا ہے

7

کہ تمہارے باپ کی شکل صورت پہلے سے بھی اچھی ہو گئی ہے۔ میری دعا ہے اے اللہ اپنے نبی مکرم کے طفیل ہمیں بھی سعادت دارین نصیب فرمائے شک دنیا اور آخرت میں نجات کا ذریعہ نبی پاک پر درود و صلاۃ سے بڑھکر کوئی عمل افضل اور مفید نہیں ہے۔

کروڑوں درود اور کروڑوں سلام بہ روحِ محمد علیہ السلام
شروع ہوئی ختم جن پر تمام بنامِ محمد صلوٰت و سلام

فرمایا ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے میری امت! تم پر رومیوں کی مخالفت کرنا لازمی ہے حضرت حذیفہؓ اور دوسرے صحابہ علیہم رضوان نے عرض کی کہ ہمارے آقا ہم ان کی مخالفت کس طرح کریں؟ تو رحمتِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ لوگ اتوار کے دن گرجوں میں جا کر غیر اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور میری بدگوئیاں کرتے ہیں اس لئے میری امت اتوار کے دن اشراق کے بعد ۲ نفل یا جس قدر آسانی سے پڑھ سکیں پڑھ کر سات مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے اور سب مسلمانوں کے لئے دعائے مغفرت کریں تو ربّ العالمین مغفرت عطا فرمائیں گے۔ اللہ اکبر اللہ اکبر ہمارے آقا رحمتِ عالم کی ہر بات سبحان اللہ۔ ہر نصیحت امت کی بھلائی کے لئے ہر جتن امت کی دنیا اور آخرت سنوارنے کے لئے ہے۔

ہم اپنے اللہ رحمان و رحیم سے درخواست کرتے ہیں کہ اپنے طیب و طاہر حبیب رحیم و کریم کے صدقے میں ہمیں اپنا ذکر و شکر کرنے قرآن کریم پڑھنے کی توفیق دائمی دے عشق نبی کریم دے نورِ قرآن دے اطاعت

دین اسلام دے، سوز صدیقؓ دے، عثمانؓ کی حیا دے، عمرؓ کا جوش اور جذبہ دے، علیؓ کی شجاعت دے، حق پر زندہ رکھ سچائی اور بھلائی کی راہ پر چلا۔ غیر شرعی اور غیر اخلاقی اعمال سے بچا کر اللہ پاک اپنے پسندیدہ اعمال کی توفیق عطا فرما دے، اپنی پناہ اپنی امان نصیب فرما شیطان اور نفس کے فریب سے بچا کر دشمنوں کے شر سے بچا لے حاسدوں کے حسد سے بچا نا کافروں بے دین ظالموں کے ظلم سے بچا کتنی کے عذاب سے، قبر کے عذاب سے، حشر کی ذلت سے، جہنم کی آگ سے، اور اپنے قہر و غضب سے بھی بچا اور ہر بری اور برائی سے بھی ہمیں کو ہماری آل اولاد کو آئندہ نسلوں کو بچا لے اے اللہ سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے اپنے رحمتِ عالم کی رحمت اور کریم کی شفقت میں رکھ کر ہم سے وہ کام کروا جو تیری پسند تیری رضا اور خوشی کا سبب ہوں ربّ العزت اپنی دائمی رحمتیں نصیب فرما دے۔

آمین۔ بجاہِ سیدالانبیاء والمرسلین رحمۃ العالمین آقا و مولا رحیم کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ آمین یا ربّ العالمین آمین

بحق محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فرمایا آقا علیہ السلام نے کہ جو مجھ پر پچاس مرتبہ درود پاک روزانہ پڑھے میں روز حشر اس سے ہاتھ ملاؤں گا۔ سبحان اللہ یہ کرم کی انتہا ہے۔ اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد النبی الامی الکریم الامین و علی الہ و اصحابہ وسلم تسلیما کثیرا کثیرا o

یہ ہے عنایت نوازش یہ کرم کی انتہا ہے
مجھے اپنی یاد بخشی مجھے اپنا غم دیا ہے

الحمد للہ
ربّ العالمین